**13-04-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل امبیڈکر جینتی کے موقع پر ہریانہ میں کئی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ مرکزی سرکار مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع میں صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور اضافہ نفری تعینات کئے جانے سمیت ہر ممکن امداد کا یقین دلایا ہے۔

☆ ملک کے مختلف حصوں میں فصل کی کٹائی کے روایتی تہوار بیساکھی، **Bohag Bihu**، **Poila Boishakh** اور **Meshadi** منائے جارہے ہیں۔

☆ صدرِ جمہوریہ ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے جلیاں والا باغ کے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

☆ سوڈان کے شمالی **Darfur** علاقے میں نیم فوجی **Rapid Support** فورسز کے حملوں میں گذشتہ 48 گھنٹے میں 114 سے زیادہ عام شہری مارے گئے ہیں۔

☆ اور **IPL** کرکٹ میں، آج راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا، جبکہ ڈیلی کیپٹلس کی ٹیم ممبئی انڈینس کا سامنا کرے گی۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM - HARYANA**

وزیر اعظم نریندر مودی ، کل امبیڈکر جینتی کے موقع پر ہریانہ کا دورہ کریں گے۔ وہ صبح **Hisar** جائیں گے اور حسار سے ایودھیا کے لیے کمرشیل پرواز کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور حسار ہوائی اڈّے کی نئی ٹرمنل عمارت کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی ایک عوامی جلسے بھی خطاب کریں گے۔ اس کے بعد وزیر اعظم یمنا نگر میں کئی

ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اس موقع پر ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔

ہر شخص تک بجلی پہنچنے کے ویژن کے ساتھ، خطّے میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت دینے کی غرض سے وزیراعظم، یمنا نگر میں دین بندھو چھوٹو رام حرارتی بجلی گھر کے 800 میگاواٹ صلاحیت کے جدید حرارتی بجلی یونٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

GOBARDhan اسکیم کے ویژن کو آگے بڑھاتے ہوئے وزیراعظم، یمنانگر میں مبارک پور میں ایک Compressed بائیو گیس پلانٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

جناب مودی Bharatmala Pariyojana کے تحت 14 اعشاریہ 4 کلو میٹر طویل ریواڑی بائی پاس پروجیکٹ کا بھی افتتاح کریں گے۔ اس پروجیکٹ پر تقریباً ایک ہزار 70 کروڑروپے کی لاگت آئی ہے۔ ××

## WB

مرکزی سرکار، مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع کی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ اُس نے اضافی نفری تعینات کئے جانے سمیت ہر ممکن امداد کا یقین دلایا ہے۔

اِدھر کلکتہ ہائی کورٹ نے وقف ترمیمی ایکٹ قانون کے معاملے پر بڑے پیمانے پر تشدد ، توڑ پھوڑ اور آتش زنی کے واقعات کے تناظر میں مرشدآباد میں مرکزی فورسز فوری طور پر تعینات کئے جانے کا حکم دیا ہے۔

مغربی بنگال اسمبلی میں اپوزیشن کے لیڈر Suvendu Adhikari کی داخل کردہ درخواست کے بعد عدالت کا یہ حکم سامنے آیا ہے۔ اِس درخواست میں ریاست کے کئی حصوں میں بد امنی کا الزام لگایا گیا تھا۔

مرشد آباد میں جھڑپوں میں کم از کم تین افراد مارے گئے ہیں اور تشدد کے واقعات کے سلسلے میں 138 سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ x

## BIHAR MANDAVIYA

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کیلئے مساوات ، انصاف اور بھائی چارے کے ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے نظریے سے ترغیب حاصل کریں۔ ڈاکٹر مانڈویا پٹنہ میں تاریخی گاندھی میدان میں نوجوانوں اور My Bharat کے رضاکاروں سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے '' جے بھیم یاترا '' کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا، جس کا اہتمام نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کی وزارت نے کیا ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں کو بھارتی آئین کا احترام کرنا چاہیئے اور اُس کے جذبے پر عمل پیرا رہنا چاہیئے۔

ڈاکٹر مانڈویا نے نوجوانوں سے زور دے کر یہ بھی کہا کہ وہ پنچ پرَن پر عمل کریں، جیسا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے لال قلعہ کی فصیل سے تجویز کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے وِکست بھارت کی سمت آگے بڑھنے میں مدد ملے گی۔ مرکزی وزیر نے مزید کہا کہ اتحاد کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھنے میں ہمیں اپنی اثاث پر فخر کرنا چاہیئے اور'' ملک مقدم'' کے جذبے کو اختیار کرنا چاہیئے، جس میں لوگوں میں ذمہ داری اور فرائض کے احساس پر توجہ مرکوز کی جائے۔

## DELHI - WALKATHONE

دلّی سرکار نے کل ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر جینتی سے قبل آج قومی راجدھانی میں ایک **Walkathon** کا اہتمام کیا۔ دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا نے اِس **Walkathon** کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جس میں ہزاروں بچوں نے حصہ لیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، محترمہ ریکھا گپتا نے کہا کہ دلّی سرکار نے بابا صاحب کے دکھائے گئے راستے پر عمل کرنے کا عہد کررکھا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار نے ایک پروگرام نافذ کیا ہے، جس میں ہر بچے کو بابا صاحب کے بارے میں سیکھنے کا موقع ملے گا۔

## PM VAISAKHI

ملک کے شمالی حصے میں آج بیساکھی کا تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں یہ تہوار زیادہ جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

پنجاب میں لوگ میلے کی تقریبات میں شامل ہونے سے پہلے دریاؤں، سروروں اور نہروں میں ڈبکی لگارہے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اس موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ہرایک کی زندگی میں نئی امید خوشیاں اور فراوانی لے کر آتا ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ یہ تہوار، یکجہتی، شکرگزاری اور تجدید کے جذبے کی علامت ہے۔ وزیراعظم نے جلیانوالا باغ کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعظم نے کہا کہ آنے والی نسلیں

شہیدوں کے ناقابل تسخیر جذبے کو ہمیشہ یادرکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہماری قومی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ ان کی قربانی کی بدولت، بھارت کی جدوجہد آزادی میں ایک انقلابی تبدیلی آئی ہے۔ ××

## PM - JALLIAWALA BAGH

وزیراعظم نریندرمودی نے جلیانوالاباغ کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ آنے والی نسلیں شہیدوں کی غیرمعمولی جذبہ کو ہمیشہ یاد رکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے ملک کی تاریخ کا ایک سیاہ باب تھا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ اُن کی قربانی کی بدولت بھارت کی جدوجہد آزادی میں ایک انقلابی تبدیلی ثابت ہوئی ہے۔ ××

## PADMA AWARD

حکومت نے پدم ایوارڈ برائے 2026 کے لئے نامزدگیاں طلب کی ہیں۔ ان ایوارڈ کا اعلان اگلے برس یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ نامزدگیاں اس سال31 جولائی تک داخل کی جاسکتی ہیں جبکہ نامزدگی کا عمل گزشتہ ماہ پندرہ مارچ سے شروع ہوچکا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پدم ایوارڈز کے لئے نامزدگیاں اور سفارشات ، صرف راشٹریہ پُرسکار پورٹل پر آن لائن ہی بھیجی جاسکتی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**V/C Adarsh**

پدم ایوارڈز یعنی پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری، ملک کے عظیم ترین سویلین ایوارڈز میں شامل ہیں۔ یہ ایوارڈز دینے کا سلسلہ 1954 میں شروع کیا گیا تھا۔ یہ اعزازات آرٹ، ادب، تعلیم، کھیل کود، علم طب، سماجی خدمت، سائنس اور انجینئرنگ، عوامی امور اور سول سروس کے ساتھ ساتھ تجارت وصنعت جیسے سبھی شعبوں میں ممتاز اور غیرمعمولی کامیابیوں کے اعتراف میں دئے جاتے ہیں۔

ان اعزازات کا اعلان ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔نسل، پیشے، حیثیت یا جنسی امتیاز کے بغیر سبھی افراد ان اعزازات کے اہل ہیں۔

خواہشمند افراد، اپنی نامزدگی یا سفارشات، راشٹریہ پرسکار پورٹل ۔ ایوارڈز **(dot) Gov dot in** پر بھیج سکتے ہیں۔

نئی دلی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں عبدالمالک۔

## GADKARI

سرکار، ملک میں شاہراہوں کے نظام کو مستحکم بنانے کے لئے اگلے دو سال میں 10 لاکھ کروڑروپے سے زیادہ کا سرمایہ لگانے کا ارادہ رکھتی ہے، جس میں شمال مشرق اور سرحدی علاقوں پر خاص توجہ دی جائے گی۔ ××

## SUDAN KILLED

سوڈان میں شمالی Darfur کی راجدھانی El Fasher میں بے گھر ہونے والے افراد کے دو کیمپوں پر نیم فوجی Rapid Support فورسز کے حملوں میں پچھلے 48 گھنٹے کے دوران 114 سے زیادہ عام شہری مارے گئے ہیں۔

حکام نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ جمعہ کے روز زم زم کیمپ پر حملے میں 100 سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے ، جبکہ Abu Shouk کیمپ پر علیحدہ Militia حملے میں 14 افراد کی موت ہوئی۔

پچھلے سال مئی سے El Fasher میں سوڈان کی مسلح افواج اور Rapid Support فورسز کے درمیان شدید لڑائی ہوتی رہی ہے۔ x

## PALM SUNDAY - MIZORAM

میزورم میں آج Palm Sunday مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے، جسے میزو زبان میں ''Tumkau Ni'' کہا جاتا ہے۔ اِس موقع پر میزورم کے مختلف حصوں میں Palm Sunday کے جلوس نکالے گئے اور گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔

عیسائی عقیدے کے مطابق Palm Sunday عیسیٰ مسیح کے اسرائیل کے بادشاہ کے طور پر یروشلم میں داخل ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ مقدس ہفتے کا آغاز Palm Sunday سے ہوتا ہے اور اِیسٹر سَنڈے پر یہ اختتام پذیر ہوتا ہے۔ x

## FOREX RESERVES

اِس مہینے کی چار تاریخ کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ملک کے غیرملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں 10 ارب 80 کروڑ ڈالر کا اچھال آیا اور یہ چھ کھرب 76 ارب 20 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے۔ ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے جاری کئے گئے ہفتہ وار اعداد و شمار کے مطابق گذشتہ ہفتے کے دوران غیرملکی کرنسی کے اثاثوں میں 9 ارب سات کروڑ ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ پانچ کھرب 74 ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔

اِدھر سونے کے ذخائر میں ایک ارب 56 کروڑ ڈالر سے زیادہ کا اضافہ ہوا اور یہ 79 ارب 36 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے۔ x

**US TARIFF**

امریکہ نے ملک میں درآمد کئے جانے والے اسمارٹ فون اور کمپیوٹرز کو نئے محصولات سے علیحدہ رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ امریکہ کے کسٹمز اور سرحدی حفاظتی نوٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بیشتر ملکوں پر ، جو **10** فیصد کا محصول عائد کیا ہے، اسمارٹ فون اور کمپیوٹرز ، اُس کے دائرے میں نہیں آئیں گے۔ صدر ٹرمپ نے چین پر **145** فیصد کے محصولات عائد کئے ہیں۔ **x**

**SPORTS**

**IPL** کرکٹ میں، آج جے پور میں راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ اِدھر دلّی میں شام ساڑھے سات بجے ڈیلی کیپٹلس کی ٹیم ممبئی انڈینس کا سامنا کرے گی۔

کل رات حیدرآباد میں کھیلے گئے میچ میں سَن رائزرس حیدرآباد نے پنجاب کنگس کو **8** وکٹ سے ہرا دیا۔ کل کے ایک اور میچ میں لکھنؤ سپُر جائنٹس نے گجرات ٹائٹنس کو چھ وکٹ سے شکست دی۔

اِدھر فٹ بال میں موہن باگان سُپر جائنٹ نے انڈین سُپر لیگ **2024-25** کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔ اُس نے کولکاتہ میں بنگلورو **FC** کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہرایا۔ **x**

---